سرپرست اور مہتمم مولانا راحت گل صاحب مدظلہ ہیں انہی کے نام کی نسبت سے یہ رسالہ الراحہ سے موسوم کیا گیا ہے۔ مولانا راحت گل صاحب مدظلہ کو تحریر اور تصنیف و تالیف کا وسیع تجربہ ہے اور انہوں نے کئی کتابیں مقالات اور مضامین لکھے ہیں' اس سے پہلے وہ ماہنامہ الجامعہ کے مدیر بھی رہ چکے ہیں۔ اب یہ رسالہ آپ کے فرزند کے زیرادارت شائع ہو رہا ہے' امید ہے وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ اس میں نکھار آئے گا۔ ادارہ الحق معاصر رسالہ الراحہ کا خیر مقدم کرتے ہوئے اس کے کارپردازان کے لئے استقامت اور روزافزوں کا متمنی ہے۔ (م۔ا۔ف)

کتاب: سراغ زندگی تالیف: مولانا عبدالقیوم حقانی صفحات: ۱۶۰

قیمت: درج نہیں ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہؓ برانچ پوسٹ آفس خالق آباد' ضلع نوشہرہ

اکثر اہل ذوق اور اہل علم و قلم کا یہ وطیرہ رہا ہے کہ مطالعہ کے دوران جو واقعہ یا تحریر خواہ جس موضوع سے متعلق ہو' اس کو بطور حاصل مطالعہ اپنے بیاض میں نقل کرتے ہیں اس قسم کی کئی کتابیں منصۂ شہود پر آئی ہیں۔ ان میں سے بعض تو ضخیم ہیں اور بعض مختصر' اور یہ طریقہ انتہائی مفید ہے کیونکہ قاری کو ایک تیار لگایا ہوا دسترخوان مل جاتا ہے اور جو چیز اس کے دل کو بھائے اس کو اٹھالیتا ہے۔ یعنی پڑھنے والا ہزارہا صفحات کی چھان بین کی مشقت اٹھانے سے آزاد ہوتا ہے۔

زیر تبصرہ مختصر کتاب مولانا عبدالقیوم حقانی کے انہی منتخبات کا ایک باب ہے جو اپنی دلکشی اور دلآرائی کے باعث ایک نشست میں قاری کو ختم کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ چنانچہ تحریر فرماتے ہیں احقر اپنے زمانہ طالب علمی میں اور پھر تدریسی مطالعاتی تصنیفی' تالیفی اور تحریری الغرض مختلف مراحل میں اپنے اکابر و سلف صالحین کے علم پرور واقعات اور اقوال جو دل کو بھاتے ہمت بڑھاتے نور ایمان کا باعث بنتے۔ اپنی ذاتی ڈائریوں میں نقل کرتا رہا۔

ہم نے اپنے آشیانے کے لئے جو چبھے دل میں وہی تنکے لئے

احقر نے ایسی یادداشتوں پر مشتمل تحریروں کا نام جگر لخت لخت رکھا۔

جگر لخت لخت کے اس حصے میں مولانا ابوالکلام آزاد کے اقوال و ارشادات ہیں جو ان کی اور ان پر لکھی گئی مختلف کتابوں سے ماخوذ ہیں۔ علاوہ شاہ عبدالعزیز' محدث دہلوی' مولانا محمد علی جوہر' مولانا مفتی کفایت اللہ قدس سرہ اور محدث عصر مولانا یوسف بنوری کے اقوال بھی اس میں منقول ہیں۔ بلاشبہ یہ ایک دلچسپ انتخاب ہے اور مؤلف سے استدعا ہے کہ وہ اس کے دیگر ابواب سے بھی انتخاب کر کے اہل ذوق کو علمی سوغات سے نوازیں۔ (م۔ا۔ف)

کتاب: میرے حضرت میرے شیخ (شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ)

تالیف: حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی مدظلہ ضخامت: ۲۶۰ صفحات قیمت: ۹۰ روپے

ناشر: القاسم اکیڈمی جامعہ ابوہریرہ' برانچ پوسٹ آفس خالق آباد' ضلع نوشہرہ

قارئین استاذ محترم حضرت مولانا عبدالقیوم حقانی کی شخصیت سے اچھی طرح آگاہ ہیں موصوف کا نام تصنیف